24 گھنٹے ٹیسٹ کرنے والوں کو کیا جارہا ہے نظرانداز: راوت

اتر پردیش لیبارٹری ٹیکنیکل ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو میٹنگ

لکھنؤ (ایس این بی) سرکاری اسپتالوں میں لیب ٹیکنیشن ہر مشکل سے کام کررہے ہیں۔ کورونا کے دوران متاثرہ افراد کے نمونے لے کر ٹیسٹ کیے گئے۔ زیادہ تر بڑے اسپتالوں میں 24 گھنٹے پیتھالوجی چل رہی ہے۔ تاکہ مریضوں کا علاج کے لیے پیتھالوجی رپورٹ کا انتظار نہ کرنا پڑے۔ اس کے باوجود افسران لیب ٹیکنیشنوں کے جائز مطالبات کو نظرانداز کررہے ہیں۔ یہ احساس کمتری کا باعث بن رہا ہے۔ یہ باتیں اتر پردیش لیبارٹری ٹیکنیکل ایسوسی ایشن کی ریاستی ایگزیکٹو میٹنگ میں اٹھائی گئیں۔

بلرام پور ہاسپٹل کے آڈیٹوریم میں ہوئی میٹنگ کے بعد ایسوسی ایشن کے صدر سریش راوت اور جنرل سکریٹری کمل شریواستو نے نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لیب ٹیکنیشن مریضوں کے مفاد میں لگاتار کام کررہے ہیں۔ اس کے باوجود ہمارے جائز مطالبات پر غور نہیں کیا جارہا ہے۔ ہماری تنخواہوں کی بے ترتیبی دور نہیں ہورہی ہے۔ کیڈر کا جائزہ لینے میں بھی تذبذب برقرار ہے۔ سینئر لیب ٹیکنیشن کے عہدے بڑھانے کو بھی نظرانداز کیا جارہا ہے۔ خالی آسامی کو پر کرنے میں کوئی کام نہیں ہورہا۔ ریجنٹس (ٹیسٹنگ میں استعمال ہونے والے کیمیکل) کی خریداری میں سینئر لیب ٹیکنیشن کو شامل نہیں کیا گیا۔ اس سے معیار اور ضرورت کے مطابق خریداری میں رکاوٹ پیدا ہورہی ہے۔ ایسوسی ایشن کے ترجمان سنیل کمار نے کہا کہ لیب ٹیکنیشن ڈاکٹروں کے مشورے پر او پی ڈی اور داخل مریضوں کا معائنہ کررہے ہیں۔ اس کی جلد از جلد رپورٹ فراہم کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ فی الحال کسی قسم کی ویٹنگ نہیں ہے۔ یہ سب ساتھیوں کی محنت کا نتیجہ ہے۔ اس موقع پر سکریٹری امیت شکلا، نائب صدر راجیش چودھری، رام نریش پٹیل، رمیش یادو، اے کے موریہ اور دیگر ماہرین موجود رہے۔

آلودگی سے پاک اور پرانی شکل میں لوٹے گی ککریل ندی

ایل ڈی اے تیار کرے گا ڈی پی آر، 22 تالاب اور جھیلوں کی ہوگی تزئین کاری

لکھنؤ (ایس این بی) ککریل ندی کو اس کے اصلی حالت میں گومتی ندی تک آلودگی سے پاک کرنے کا منصوبہ بنانے کی سمت میں کام شروع ہوگیا ہے۔ لکھنؤ ترقیاتی اتھارٹی کو ڈی پی آر تیار کرنے کے احکام دیے گئے ہیں۔ لیک مین آنند نے ہردوئی ماڈل پر ککریل ندی کو بنانے اور آلودگی سے پاک کیے جانے کا مشورہ دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اس کام میں لگے افسر ایک بار دورہ ضرور کریں۔ ہردوئی نے اس اس سمت میں اچھا کام کیا ہے۔ اس پر کمشنر ڈاکٹر رشن جیکب نے سبھی متعلقہ افسروں کو حکم دیا ہے کہ وہ ہردوئی کا دورہ کر ضروری مشورے حاصل کریں۔ کمشنر نے گزشتہ دنوں ککریل ندی کی تزئین کاری کیے جانے سے متعلق میٹنگ کے دوران احکام دیے۔ معلوم ہو کہ ککریل ندی گاؤں سے نکلتی ہے جس کے آس پاس تقریباً 22 چھوٹے بڑے تالاب ہیں۔ اہم 5 تالاب جو کہ ندی کے راستہ میں آتے ہیں ان کا سب سے پہلے تزئین کاری کیے جانے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ ان کی کھدائی، صاف صفائی وغیرہ کا کام اولیت کی بنیاد پر وقت رہتے کرلیا جائے جس سے کہ ان کو صاف ستھرا کر ککریل ندی میں پانی سپلائی کی جاسکے۔

لیک مین آنند نے مشورہ دیا کہ ڈی پی آر میں سوتل جھیل کے علاقہ کا اندازہ لگایا جائے۔ اس سے دیکھ ریکھ کرنے میں آسانی ہوگی۔ رموٹ سنسنگ کے ماہرین کو حکم دیا گیا ہے کہ سوتل جھیل کا سروے کر متعلقہ محکمہ، چیف ترقیاتی افسر کو رپورٹ اولیت کی بنیاد پر مہیا کرائی جائے۔ محکمہ آبپاشی کی جانب سے کرائے گئے ڈرون اسٹڈی کی مدد سے رموٹ سنسنگ محکمہ کے ماہرین سروے رپورٹ تیار کریں گے۔ سوتل جھیل کے کام میں بانڈنگ وغیرہ کے بعد بھی کافی مقدار میں زائد مٹی جو مہیا ہوگی کو محکمہ آبپاشی، شہید پتھ کے دونوں طرف تعمیر ہونے والے بندھے میں استعمال کرے گا۔ اس بارے میں لکھنؤ ترقیاتی اتھارٹی، ضلع انتظامیہ اور محکمہ آبپاشی کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔ ندی کے راستے میں استی گاؤں جانے والی سڑک پر کلورٹ بنانے کا کام محکمہ تعمیرات عامہ کرے گا۔ محکمہ آبپاشی کو حکم دیا گیا کہ ککریل ندی میں رمیٹنگ بال بنائی جائے جس سے پانی کو روکا جاسکے۔ اس سے ندی میں ہمیشہ پانی بنا رہے گا۔ محکمہ آبپاشی کو ککریل ندی کے بارے میں فوری اثر سے ورک آرڈر جاری کیے جانے کے احکام دیے گئے ہیں۔

محکمہ آبپاشی کو حکم دیا گیا ہے کہ ککریل ندی کے پرانے روٹ سے سروے کیا جائے۔ ایسا پلان تیار کیا جائے جس سے کہ درختوں کو کاٹے بغیر ہی ندی کی تزئین کاری کی جاسکے۔ محکمہ آبپاشی کو شاردا نہر سے بنانے کو کہا گیا ہے جس سے ککریل ندی میں ہمیشہ پانی بنا رہے۔ ندی میں سلٹ کم آنے پائے صرف اچھی کوالٹی کا پانی ہی آئے۔ محکمہ آبپاشی کو حکم دیا گیا کہ جب ان کی ڈی پی آر بن کر تیار ہو جائے اس کے بعد ہی محکمہ جنگلات کی ڈی پی آر کی اسٹڈی کی جائے۔ کسی بھی صورت میں درخت نہیں کٹنے چاہئے۔

شراب کے ساتھ عورت گرفتار

لکھنؤ (ایس این بی) اٹونجہ پولیس اور ایکسائز ٹیم نے مل کر غیر قانونی کچی شراب بنانے والی خاتون کو گرفتار کیا ہے۔ اٹونجہ تھانہ انچارج نے بتایا کہ ایکسائز ٹیم اور اٹونجہ پولیس سورج پور گڈھا میں کچی شراب کی فروخت کو روکنے کے لیے موجود تھی، تبھی ملی اطلاع پر سعادت نگر گڈھا ساکن بڑکی اہلیہ ننھا کو پولیس دبش دیکر گرفتار کرلیا۔

33 ممتاز شخصیات سمیت 66 ہونہار طلباء اعزاز سے سرفراز

لکھنؤ (پریس ریلیز) اتر پردیش چھتریہ لوک سیوک پریوار مہاسمیتی کے ذریعہ اپنے یوم تاسیس پر 'ہلدی گھاٹی وجے اتسو اور اعزازی تقریب' منائی گئی۔ تقریب کا آغاز مہمان خصوصی کنور مانویندر سنگھ چیئرمین قانون ساز کونسل، دیا شنکر سنگھ وزیر مملکت (آزاد چارج) برائے ٹرانسپورٹ، کنور دنیش پرتاپ سنگھ، ریاستی وزیر (آزاد چارج) باغبانی، زرعی مارکیٹنگ، زرعی غیرملکی تجارت کے ساتھ ہوا۔ ڈاکٹر مہیندر سنگھ ممبر قانون ساز کونسل اور اتر پردیش کے سابق وزیر ڈاکٹر ودیا وتی وسنگھ پدیم شری اور جوہی سنگھ، سابق چیئر پرسن کمیشن برائے تحفظ اطفال، اتر پردیش نے شمع روشن کر پروگرام کا آغاز کیا۔ پروگرام کے مہمان خصوصی کنور مانویندر سنگھ نے کہا کہ یہ تنظیم سماجی فکر کے لیے جو کام کر رہی ہے وہ بہت قابل ستائش ہے۔ بابا ہردیو اپنی سروس کے دوران اور ریٹائرمنٹ کے بعد بھی سماج کے مفاد میں سرگرم ہیں۔ چھتریہ وہ ہے جو ایک منصفانہ معاشرہ تشکیل دیتا ہے۔ کسی کو نقصان نہ پہنچنے دیں اور ناانصافی کا مقابلہ کرنے کے لیے اپنی بہادری کا مظاہرہ کریں۔ وزیر ٹرانسپورٹ دیا شنکر سنگھ نے بھی اپنے خیالات ظاہر کیے۔ تنظیم کے نائب صدر ایس پی سنگھ نے سبھی کا شکریہ ادا کیا۔ جنرل کمیٹی کے چیئرمین بابا ہردیو سنگھ نے بھی خطاب کیا۔ مہاسمیتی کے جنرل سکریٹری اندرسن سنگھ 'اندؤ' نے مہاسمیتی کی ترقی کی رپورٹ پیش کی۔ تقریب میں 500 سے زائد حاضر سروس اور ریٹائرڈ سرکاری ملازمین اور ان کے اہل خانہ موجود تھے۔ مہاسمیتی نے 500 سے زیادہ مہمانوں سے بھرے ہال میں اپنی تقریب دھوم دھام سے منائی۔ ایس کے ڈی اکیڈمی گومتی نگر میں منعقدہ تقریب میں کھشتریا خاندان کی 33 شخصیات جنہوں نے مختلف شعبوں میں بہترین خدمات انجام دے کر علاقائی، قومی اور بین الاقوامی سطح پر ملک کا نام روشن کیا، کو اعزاز سے نوازا گیا۔ اس کے علاوہ بھویشیہ ہائی اسکول اور انٹرمیڈیٹ میں 80 فیصد سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے ملک کے 66 ہونہار طلباء ـ کو بھی اعزاز سے نوازا گیا۔

انٹر کالجوں کے ٹیچر اور لیکچرر کے آن لائن تبادلے آج سے

درخواست دینے کی آخری تاریخ 26

لکھنؤ (ایس این بی) حکومت نے گورنمنٹ ثانوی اسکولوں/انٹر کالجوں میں تعینات معاون ٹیچروں (ایل ٹی) اور لیکچرار کے سالانہ تبادلہ سیشن ـ25-2024 کے لئے پیر سے آن لائن درخواست کا نظم کیا ہے۔ درخواست دینے کا عمل 24 جون کی صبح دس بجے سے شروع ہوگا اور درخواست دینے کی آخری تاریخ 26 جون طے کی گئی ہے۔ یہ اطلاع دیتے ہوئے ڈائریکٹر ثانوی تعلیم ڈاکٹر مہیندر دیو نے بتایا کہ ٹیچر کسی بھی معلومات کے لئے کام کے دن میں صبح دس بجے سے شام پانچ بجے تک ہیلپ لائن نمبر 8317054632/8332870905 پر کال/وہاٹس ایپ کر سکتے ہیں یا ای میل کے توسط سے اپنے مسائل کا حل حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ تبادلے کے خواہش مند مانو سمپدا پورٹل پر دستیاب اسامیوں کے مطابق سینئرٹی میں زیادہ سے زیادہ پانچ متبادل کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ تبادلہ کے لئے ضرورت مند درخواست دہندہ کو ترجیح دی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ ٹیچروں کے آن لائن تبادلے کے لئے کٹیگری کا تعین مختلف بنیاد پر کیا جائے گا۔

عید غدیر کل، 110 مسجدوں میں ہوگی نماز

لکھنؤ (ایس این بی) عید غدیر کا تہوار منگل کو منایا جائے گا۔ اس کی تیاریاں آخری مرحلہ میں ہیں۔ اس موقع پر مسجد صوفی سمیت شہر کی 110 مسجدوں میں شیعہ نماز عید غدیر ادا کریں گے۔ اس کے علاوہ امام باڑوں، کربلا اور گھروں میں 'جشن غدیر' پر محفلیں ہوں گی۔ عید غدیر کی خوشی میں شیعہ فرقہ کے لوگ نئے کپڑے، جوتے اور سوئیوں کی خریداری میں لگے ہیں۔ شہر کی مرکزی نماز مسجد کوفہ میں صبح 11 بجے مولانا کمیل کی امامت میں ادا کی جائے گی۔ عید غدیر کی ماقبل شام پر پیر کو 'جشن اعلان غدیر' کا انعقاد روضہ کاظمین میں رات 9 بجے ہوگی۔ اس موقع پر ریاست و شہر کے مشہور شاعرا اپنے کلام پیش کریں گے۔ پروگرام کا انعقاد غدیرا کادمی نے کیا ہے۔

روضہ بیت النجم میں رستم نگر میں پیر کو جشن استقبال عید غدیر کی محفل کو مولانا زیدی رات 9 بجے خطاب کریں گے۔ جشن کا انعقاد گلامان اہل بیت فاؤنڈیشن نے کیا۔ امام باڑہ آغا باقر چوک میں زائرین بابل مراد کمیٹی اور امام باڑہ کمیٹی کی جانب سے منگل کو مولانا میثم زیدی اور مولان رحمت حسین صبح 9 بجے محفل کو خطاب کریں گے۔ آل انڈیا شیعہ حسینی فنڈ کی جانب سے عید غدیر کے موقع پر منگل کو شیعہ کالج وکٹوریہ اسٹریٹ کے پاس غدیر کیمپ میں کئی پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔ شیعہ چاند کمیٹی کے صدر مولانا سیف عباس نقوی نے عید غدیر کی فضیلت و اہمیت بیان کرتے ہوئے کہا کہ عید غدیر کا دن اللہ اور پیغمبر حضرت محمدؐ کے کنبہ کی سب سے بڑی عید میں سے ایک ہے۔ اس لیے عید غدیر کے دن جشن منائیں۔ اس دن کا روزہ 60 برس کے گناہوں کا کفارہ ہے۔

طالب علم کی خودکشی

لکھنؤ (ایس این بی) چنہٹ علاقہ میں مقابلہ جاتی امتحانات کی تیاری کرنے والے طالب علم نے پھانسی لگا کر خودکشی کرلی۔ وہ اپنے بڑے بھائی اور بہن کے ساتھ کرائے کے مکان میں رہتا تھا۔ پولیس نے لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا ہے۔ گھوریا تھانہ ٹھرولی ضلع جھانسی ساکن اوپیندر پٹیل (22) چنہٹ تھانہ علاقے میں واقع آنند لوک کالونی سمرا میں کرائے کے مکان میں رہ رہا تھا۔ 23-22 کی درمیانی شب اس نے کمرے میں پنکھے میں اپنے دوپٹہ کی پھندا ڈال کر پھانسی لگالی۔

ایل ڈی اے میں آوٹ سورسنگ پر رکھے جائیں گے انجینئر

لکھنؤ (ایس این بی) لکھنؤ ترقیاتی اتھارٹی میں ٹھیکہ کی بنیاد پر انجینئروں کی بھرتی کرنے کی تیاری ہے۔ اس کے لیے ماحولیات ریسرچ مرکز کو ذمہ داری دی گئی ہے۔ اتھارٹی نے ابھی 18 ایگزیکٹیو انجینئروں کی بھرتی ٹھیکہ کی بنیاد پر کرنے کے لیے علاقائی حلقہ، ماحولیات ریسرچ مرکز کو خط لکھا ہے۔ بھرتی کی تجویز اور تنخواہ منظور ہونے کے بعد آگے کی کارروائی شروع ہوگی۔ ایل ڈی اے کا ترقیاتی علاقہ کافی بڑا ہے۔ اس کے علاوہ توسیع بھی ہوچکی ہے۔ ایل ڈی اے میں انجینئروں کے 70 فیصد سے زیادہ عہدہ خالی ہیں۔

اتھارٹی میں سول کے ایگزیکیٹو انجینئروں کے 164 عہدے منظور ہیں۔ اس کے مقابلے 131 انجینئر ہی کام کررہے ہیں۔ اتنے ہی بچے ہیں اور باقی ریٹائر ہوگئے ہیں۔ حکومتی سطح سے بھرتی نہیں ہورہی ہے۔ اس وجہ سے ایل ڈی اے کا کام متاثر ہورہا ہے۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لیے آوٹ سورسنگ سے انجینئر رکھے جانے کی تیاری ہے۔ ابھی 18 انجینئر رکھے جائیں گے۔ ایل ڈی اے سکریٹری وویک شریواستو کی جانب سے علاقائی حلقہ و ماحولیات ریسرچ مرکز لکھنؤ کو خط لکھا گیا ہے۔ اب علاقائی حلقہ و ماحولیات ریسرچ مرکز کے ایڈیشنل ڈائریکٹر اے کے گپتا نے سکریٹری کو خط لکھا ہے۔ انھوں نے ان انجینئروں کی بھرتی سے متعلق تجویز دیا ہے۔ ایگزیکٹیو انجینئروں کو 45 ہزار روپئے فی ماہ، انچارج انجینئروں کو 60 ہزار روپئے تنخواہ ملے گا۔ سبھی انجینئروں کی تنخواہ پر فی ماہ 10 لاکھ 90 ہزار 320 روپئے کا خرچ آئے گا۔ ایل ڈی اے میں 133 عہدے خالی ہیں۔

گومتی میں گندگی و آکسیجن کی کمی سے مچھلیاں ہلاک

لکھنؤ (ایس این بی) گومتی ندی میں گندگی و پانی میں آکسیجن کی کمی سے درجنوں مچھلیاں مرگئیں۔ اس سے پھیلی بدبو کے باوجود گومتی کے کنارے سواکش پریاورن آندولن سینا نے گومتی ندی سے تقریباً 5 کوئنٹل کچرا نکالا۔ جل کمھی، کچرا اور مورتیوں سے پٹی گومتی ندی کے سواکش مہم کے لیے سواکش پریورن آندولن سینا کا یہ 315 واں اتوار تھا۔ کنوینر رنجیت سنگھ نے بتایا کہ ہنومان سیتو نزد جھولے لال پارک گومتی ندی پر جب سواکش مہم کی شروعات ہوئی تو مردہ حالت میں ندی میں اتراتی درجنوں مچھلیاوں کے درمیان مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ دو گھنٹے چلے اس مہم میں ببیتا یادو، وندنا، شانتی کشیپ، پریتی جین، پرتھم جوشی، آلوک چودھری، نہار سنگھ سمیت لوگوں نے صفائی کی۔

انڈین ہیلپ لائن سوسائٹی نے پولیس اہلکاروں کو اعزاز سے نوازا

ضرورت مند غریب بچوں میں کھانا تقسیم کیا

لکھنؤ (ایس این بی) انڈین ہیلپ لائن سوسائٹی نے اتوار کو آشیانہ پولیس ہلکاروں کو ان کے بہترین کام کے لیے اعزاز سے نوازا اور ہر ہفتے ضرورت مند غریب بچوں میں مفت غذائیت سے بھرپور کھانا تقسیم کرنے کے لیے تنظیم کے زیر انتظام برج کی رسوئی نے ضرورت مند بچوں میں کھانا تقسیم کیا۔ سماجی تنظیم انڈین ہیلپ لائن سوسائٹی کی خواتین ونگ نے چند روز قبل ایک معمر خاتون کے ساتھ ہونے والی ڈکیتی کی واردات کو کامیابی کے ساتھ بے نقاب کرنے پر آشیانہ پولیس اور انسپکٹر انچارج چھتر پال سنگھ سمیت پوری پولیس ٹیم کی تعریف کی اور پولیس اہلکاروں کو واسکٹ اور نشانات سے نوازا۔ یادگاری نشان، توصیفی سند اور پودا پیش کر کے عزت افزائی کی۔ اس موقع پر پروگرام کی مہمان اندو شکلا نے کہا کہ سماجی خدمت کے ساتھ ساتھ تنظیم ایسے لوگوں کو بھی اعزاز دیتی ہے جو معاشرے کے لیے بہترین کام کرتے ہیں۔ اسی سلسلے میں آشیانہ پولیس کو اعزاز سے نوازا جارہا ہے۔ اس موقع پر انسپکٹر انچارج آشیانہ نے کہا کہ امن و امان برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ معاشرے کے ہر شہری کے تحفظ کو یقینی بنانا ہماری ذمہ داری ہے اور ادارے کی طرف سے دی جانے والی عزت ہمیں اس کام کے لیے مزید تحریک دیتی ہے۔ تقریب میں تنظیم کے بانی وپن شرما جن میں پریم آنند شریواستو، پنکج رائے، دیونش رستوگی، رجنیش مشرا، آشیش شریواستو، ادے سنگھ، نوین کمار، سنجے شریواستو، گگن شرما، رنجیت، ویشو گوڑ، انجو گپتا، ریتا گپتا، راکھی باجپائی، اندو شکلا، رجنی شکلا سمیت درجنوں سماجی کارکن موجود تھے۔

مختصر خبریں

ٹیکہ لگتے ہی بچی کی موت پر ہنگامہ

لکھنؤ (ایس این بی) ڈیڑھ ماہ کی بچی کی موت سے ناراض اہل خانہ نے کے جی ایم یو پولس چوکی میں تعینات انسپکٹر پر بدتمیزی اور رشوت مانگنے کا الزام لگایا۔ اس دوران انسپکٹر کی لوگوں سے ہاتھا پائی بھی ہوئی۔ پوسٹ مارٹم نہ کرانے پر تنازعہ شروع ہوا تھا، جس کے لیے متاثرہ خاندان تیار نہیں تھا۔ اس سے متعلق ایک ویڈیو وائرل ہوا، جس میں انسپکٹر پر پیسے مانگنے کا الزام بے بنیاد نکلا۔ اے ڈی سی پی ویسٹ وشا تو جیت شریواستو نے بتایا کہ سورج شریواستو جو اصل میں سیتاپور ضلع کا رہنے والا ہے مڑیاؤں علاقہ میں رہتے ہیں۔ 20 جون کو وہ اپنی ڈیڑھ ماہ کی بیٹی مشٹی کو ٹیکے لگوانے کے لیے کے جی ایم یو لائے تھے۔ ویکسین لگوانے کے بعد بچی جان کی بازی ہار گئی۔ انہوں نے اس پر غلط ویکسین دینے کا الزام لگاتے ہوئے ہنگامہ شروع کردیا۔ جب میڈیکل چوکی انچارج نارائن ورما نے موقع پر پہنچ کر بچی کی لاش کا پوسٹ مارٹم کرانے کو کہا تو گھر والے ناراض ہوگئے اور دھکا مکا کرنے لگے۔ اہل خانہ کو راضی کرنے اور پوسٹ مارٹم کرانے کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی گئی۔ اس کے بعد اہل خانہ لاش کو ڈیکا پور لے گئے۔ اے ڈی سی پی کے مطابق تفتیش میں لواحقین کی جانب سے رشوت طلب کرنے کے الزامات بے بنیاد ثابت ہوئے ہیں۔

لڑکی سے 6 لاکھ 45 ہزار روپے کی فریب دہی

لکھنؤ (ایس این بی) کرشنا نگر تھانہ علاقہ میں رہنے والی ایک لڑکی کو جعلسازوں نے اپنے جھانسے میں لے کر لائک اور سبسکرائب کا پر روپے ملنے کی بات کہہ کر لاکھوں روپے کی سرمایہ کاری کرالئے۔ یہ محسوس کرتے ہوئے کہ اسے دھوکہ دیا گیا ہے، متاثرہ نے سائبر سیل اور پولیس اسٹیشن میں شکایت درج کرائی۔ پولیس متاثرہ کی شکایت پر مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی کررہی ہے۔ کرشنا نگر تھانہ علاقے کے ونے نگر میں رہنے والی پریانشی سنگھ کے مطابق ان کے موبائل پر دعوت کا پیغام آیا۔ پیغام میں پیج کو سبسکرائب اور لائک کر کے بھاری منافع کے بارے میں بتایا گیا ہے۔ پیج کو لائک کرنے پر انہیں کچھ پیسے بھی ملے اور اس کے بعد انہیں گیم کھیل کر اور سرمایہ کاری کر کے بھاری منافع کمانے کا لالچ دیا گیا۔ جعلسازوں کا شکار ہونے والی لڑکی نے 19 جون تک چار بار تقریباً 6 لاکھ 44 ہزار روپے کی سرمایہ کاری کی لیکن نہ اس کا پیسہ آیا اور نہ ہی منافع ہوا، الٹا جعلسازوں نے متاثرہ سے 5 لاکھ روپے کا مطالبہ کیا۔ یہ محسوس کرتے ہوئے کہ اسے دھوکہ دیا گیا ہے، متاثرہ نے سائبر سیل اور کرشنا نگر پولس اسٹیشن میں شکایت درج کرائی۔ متاثرہ کی شکایت پر کرشنا نگر پولیس آئی ٹی ایکٹ کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی کررہی ہے۔

چوری کر کے چور فرار، مقدمہ قائم

نگرام لکھنؤ (ایس این بی) نگرام تھانہ علاقہ کے چوراہا پور گاؤں میں چور کسان کے گھر میں دیوار توڑ کر داخل ہوئے اور چوری کی واردات کو انجام دیا۔ اس معاملے میں خاتون نے نگرام تھانے میں شکایت درج کرائی ہے۔ شکایت کی بنیاد پر پولیس نے مقدمہ درج کر کے چوروں کی تلاش شروع کردی ہے۔ نگرام علاقہ کے چوراہا پور پوسٹ آدم پور جنوبی گاؤں کے رہنے والے گلشن راوت کی بیوی انجلی نے بتایا کہ ان کے شوہر دہلی میں رہتے ہیں اور وہیں کام کرتے ہیں۔ وہ گھر میں اکیلی رہتی ہے۔ ایک ہفتہ قبل اس کی بھابھی کی طبیعت خراب ہوئی تو وہ اپنے سسرال گئی ہوئی تھی۔ پڑوسیوں نے فون پر چوری کی اطلاع دی جس کے بعد جب وہ گھر پہنچی تو اہل علاقہ نے بتایا کہ 21 جون کی رات پڑوسی رامیشور کی بیوی کسوما نے اپنے بیٹے سنتوش کے ساتھ مل کر رات کے وقت اس کی باؤنڈری وال گرا کر دروازے اور بکسے کا تالہ توڑ کر بکسے میں رکھے پانچ ہزار روپے، زیورات، نتھنی، پازیب کے تین جوڑے، ایک لاکٹ اور دو ٹپیاں چوری کرلیں۔ اس پر اہل علاقہ نے احتجاج کیا تو انہوں نے کہا کہ آپ کا گھر نہیں گرا رہے ہیں۔ خاموشی سے یہاں سے چلے جاؤ۔ انجلی گھر پہنچی تو سبھی موقع سے فرار ہوگئے۔ خاتون نے تھانے پہنچ کر پڑوسی رامیشور کے بیٹے سنتوش اور بیوی کسوما کے خلاف چوری کا مقدمہ درج کرایا۔ تھانہ انچارج نگرام نے بتایا کہ تحقیقات کے بعد خاتون کی شکایت پر مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔

بجلی بحران سے ناراض لوگوں کا سیتاپور روڈ بلاک کر کے مظاہرہ

فیض اللہ گنج سب اسٹیشن پر بھی لوگوں کا ہنگامہ، بجلی ملازمین سب اسٹیشن چھوڑ کر فرار

لکھنؤ (ایس این بی) ڈالی گنج (اہیبرن پور) سب اسٹیشن سے سپلائی کیشو نگر، پریتی نگر، برہمن نگر اور آس پاس کے علاقوں میں کیبل کی خرابی کی وجہ سے بجلی غائب ہونے سے ناراض لوگوں نے پہلے سب اسٹیشن پر جا کر ہنگامہ کیا اور بعد میں قریب ایک بجے دیوکی نرسنگ ہوم کے پاس جمع ہو کر سیتاپور روڈ پر سیڑھیاں لگا کر سڑک بلاک کردی۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر صارفین کو منتشر کر کے معاملہ کو ختم کرایا۔ دوسری طرف فیض اللہ گنج سب سنٹر میں آنے والی 33 کے وی انڈر گراؤنڈ کیبل میں خرابی کی وجہ سے بجلی کے بغیر اندھیرے میں لوگ سب اسٹیشن پہنچ کر جم کر ہنگامہ کیا۔ ان علاقوں میں صبح تقریباً 3 بجے بجلی چالو ہونے کے بعد لوگوں نے راحت کی سانس لی۔ فیض اللہ گنج میں گزشتہ ایک ماہ سے بجلی کی بندش سے پریشان صارفین کے صبر کا پیمانہ ہفتہ کی دیر رات اس وقت ٹوٹ گیا جب پورے علاقے میں بجلی کی سپلائی ٹھپ ہوگئی۔ کافی دیر تک بجلی کی سپلائی بحال نہ ہونے پر کیشو نگر، پریتی نگر، برہمن نگر اور آس پاس کے علاقوں کے لوگ فیض اللہ گنج سب اسٹیشن پہنچ گئے اور ہنگامہ کیا۔ لیکن وہاں کے ملازمین نے بتایا کہ ان کے علاقے میں بجلی کی سپلائی اہبران پور سب اسٹیشن سے آتی ہے۔ اس پر رات تقریباً ایک بجے لوگ وہاں سے چلے گئے اور سیتاپور روڈ پر دیوکی نرسنگ ہوم کے پاس بانس کی لاٹھیاں رکھ کر سڑک بلاک کردی۔

پولیس پہنچ کر لوگوں کو منایا۔ ان علاقوں میں صبح 3 بجے کے قریب بجلی آن ہونے کے بعد لوگوں نے راحت کی سانس لی۔ دوسری طرف اوور لوڈنگ کی وجہ سے فیض اللہ گنج سب اسٹیشن کو بجلی کی فراہمی ٹھپ ہوگئی۔ جس کی وجہ سے فیض اللہ گنج سب سنٹر سے ملنے والے علاقے بھی بجلی بحران کی زد میں آ گئے۔ یہاں کے ناراض لوگوں نے سب اسٹیشن میں ہنگامہ کیا۔ بتایا جارہا تھا کہ سہارا سٹی ہوم 132 ٹرانسمیشن سب اسٹیشن سے آنے والی 33 کے وی انڈر گراؤنڈ کیبل اوور لوڈنگ کی وجہ سے خراب ہوگئی۔ انجینئروں نے اسے داؤد نگر اور پریہ درشنی نگر سب سینٹروں سے جوڑ کر سپلائی شروع کی لیکن یہ زیادہ دیر نہیں چل سکی۔ رات 12 بجے کے قریب بہت سے لوگ سب اسٹیشن پر پہنچ گئے اور ہنگامہ آرائی کی اور بجلی کے ملازمین سے ہاتھا پائی بھی کی۔ یہاں بجلی کے ملازمین سب اسٹیشن چھوڑ کر بھاگ گئے۔ بعدازاں پولیس کی آمد کے بعد لوگوں کا غصہ ٹھنڈا ہوسکا۔

لڑکی سے چھیڑ خانی کرنے والا گرفتار

احتجاج کرنے پر لڑکی اور اس کے بھائی کو پیٹا

لکھنؤ (ایس این بی) پی جی آئی تھانہ علاقہ کے تحت کھریکا واقع خان مارکیٹ کے پاس رہنے والے ہفتہ کی شام کو لڑکی کے گھر ٹھنڈا پانی لینے گیا شخص نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اس کے ساتھ بدتمیزی کی۔ لڑکی کی چیخ و پکار سن کر اسے بچانے کے لیے آئے لڑکی کے بھائی کو شہدوں جم کر پیٹا۔ متاثرہ کی شکایت پر پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔ پی جی آئی تھانہ علاقہ کے تحت خان مارکیٹ کھریکا تیلی باغ کے قریب رہنے والی لڑکی ہفتہ کی شام تقریباً سات بجے خریداری کے لیے دکان پر جارہی تھی کہ پڑوس میں رہنے والے نوجوان ہرش کی ماں اس کے گھر آئی اور ٹھنڈا پانی مانگا۔ لڑکی فریج سے پانی لے کر گھر سے باہر نکلی تو وہاں پہلے سے موجود پڑوسی نوجوان ہرش نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا اور اسے گھسیٹنے لگا۔ اس کے دوسرے دوست سلیم اور سونو نے بھی اس کے ساتھ چھیڑ چھاڑ شروع کردی۔ متاثرہ لڑکی جب اس کی چیخیں سن کر مدد کے لیے آئی تو اس کے بھائی کو تینوں ملزمان نے بری طرح پیٹا۔ متاثرہ نے پی جی آئی پولیس اسٹیشن میں شکایت درج کرائی ہے۔ پولیس متاثرہ کی شکایت پر مقدمہ درج کرنے کے بعد ملزم کی تلاش کررہی ہے۔

لکھنؤ: سی ایم ایس علی گنج کیمپس دوئم کے تین ہونہار طلباء نے نیشنل سائنس اولمپیاڈ میں گولڈ میڈل حاصل کر کے اسکول کا نام روشن کیا۔

लोक आयुक्त तथा उप लोक आयुक्त, उत्तर प्रदेश

कुप्रशासन
प्रदेश को भ्रष्टाचार/कुप्रशासन मुक्त बनाने हेतु जनता से अपील
भ्रष्टाचार

उत्तर प्रदेश राज्य के समस्त लोक सेवक यथा माननीय मंत्रीगण/विधायकगण, नगर निगम, नगर पालिका, नगर पंचायत के अध्यक्ष व अन्य अधिकारी, जिला पंचायत/क्षेत्र पंचायत तथा अन्य पंचायत के अध्यक्ष/अन्य अधिकारी तथा उत्तर प्रदेश राज्य द्वारा वित्त पोषित समस्त इकाईयों/संस्थान/प्राधिकरण, सोसाइटियों व परिषदों आदि से संबधित भ्रष्टाचार/कदाचार/कुप्रशासन तथा सेवानिवृत्तिक देयकों से संबंधित शिकायतों की जॉच हेतु निम्न पते पर सम्पर्क करें–

पता:– टी0सी0–46/वी–1, विभूति खण्ड, गोमती नगर, लखनऊ–226010 अथवा पोस्ट बाक्स
नम्बर–172, जी0पी0ओ0, लखनऊ, फैक्स नं0– (0522) 2306647
फोन नं0: (0522) 2306717, 2306160 (पी0बी0 एक्स),
Web site - www.lokayukta.up.nic.in, E-mail :- lokayukta@hotmail.com

सचिव, लोक आयुक्त, उत्तर प्रदेश, लखनऊ